فیضانِ خورشیدؒ مرتب، محمد عثمان انوری ۔ صفحات : ۶۴ طباعت و کاغذ، اچھا قیمت ۔/۴ روپے
ناشر، مدرسہ تعلیم الدین ۔ عثمان آباد گلی نمبر ۳ ۔ کراچی ۔۳۰

حضرت پیر خورشید احمد ہمدانی مرحوم، حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنیؒ کے خلیفہ مجاز تھے ۔ ایک صدی سے زائد عمر پائی ۔ ۱۰ ر جمادی الاولیٰ ۱۳۹۳ھ کو فوت ہوئے، زیرِ نظر کتابچہ میں مرحوم پیر صاحب اور ان کے روحانی مشائخ کا مختصر تذکرہ ہے ۔ اس کے ساتھ یارانِ سلسلہ کے لئے صبح و شام کے معمولات اور شعبہ ہائے طریقت درج ہیں ۔

پیر صاحب کے خاندان کے بارے میں مرتب نے لکھا ہے " آخری دور میں اس خاندان کے ایک نامور بزرگ علامہ سید انور شاہ کاشمیریؒ تھے ۔" (ص ۹) یہ بیان درست نہیں ۔ ڈاکٹر محمد رضوان اللہ کا تحقیقی مقالہ (مطبوعہ ۔ علی گڑھ) اس سلسلہ میں روشنی ڈالتا ہے ۔

نصابِ اسلامیات درجہ ثانویہ پر ایک تنقیدی نظر تحریک طلبائے اسلام پاکستان نے نصاب کا تنقیدی جائزہ پیش کیا ہے اور دینی نقطۂ نظر سے اہلِ سنت کی عظیم اکثریت کے عقائد اور دینیات سے جو زیادتی کی جا رہی ہے، اس پر بھی مدلل روشنی ڈالی گئی ہے ۔

رسالہ حقوقِ والدین حافظ عبد المجید چغتائی (کہروڑ پکا ۔ ملتان) نے قرآن و حدیث کی روشنی میں والدین کے حقوق پر لکھا ہے ۔ اچھا کتابچہ ہے ۔

قادیانیوں سے ستر سوالات مولانا سید مرتضیٰ حسن چاند پوری مرحوم کا یہ کتابچہ مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان ملتان نے شائع کیا ہے ۔

ٹنڈر نوٹس

مندرجہ ذیل کام کیلئے محکمہ بی اینڈ آر کے ٹھیکیداران سے جنہوں نے سال ۱۹۷۶ء یعنی ۷۶ ۔ ۳۰ تک فیس جمع کی ہو سر بمہر ٹنڈر مطلوب ہیں، درخواستیں برائے ٹنڈر فارم تاریخ مقررہ سے پہلے زیر دستخطی کے دفتر میں دینا چاہئے ۔

نام کام	تخمینہ لاگت	زر بیعانہ	میعاد تکمیل کام	تاریخ ٹنڈر کھولنے کی
میل ۲۵۳/۴ جی ٹی روڈ پر پل کی تعمیر کا کام	۔/۱۶،۰۰،۰۰۰	۔/۳۲،۰۰۰	ایک سال	۷ ۔ ۵ ۔ ۷۶ بارہ بجے دوپہر

دیگر قواعد و ضوابط زیر دستخطی کے دفتر میں ہر روز اوقاتِ کار میں دیکھے جا سکتے ہیں ۔

فضل محمود خان
ایگزیکٹو انجینئر ہائی وے پروجیکٹ ڈویژن
نوشہرہ

INF (P) - 482